لاپتہ لڑکیوں کا نہیں لگا سراغ، رپورٹ درج

سروجنی نگر، لکھنؤ (ایس این بی)

سروجنی نگر تھانہ حلقہ سے گزشتہ دنوں غائب ہوئی لڑکیوں کا اب تک سراغ نہیں لگ سکا ہے۔ متاثرہ کنبوں کی تحریر پر پولیس رپورٹ درج کر کے ان کی تلاش کر رہی ہے۔ ایک لڑکی کے والد کا الزام ہے کہ تھانہ حلقہ کے ٹی پی نگر میں رہنے والا رنجن کمار رائے اس کی 17 سالہ بیٹی کو بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ لے کر کہیں فرار ہو گیا۔ اسی طرح سروجنی نگر حلقہ میں رہنے والی ایک عورت نے ارسل نامی نوجوان پر 14 سالہ بیٹی کو بہلا پھسلا کر بھگا لے جانے کا الزام لگایا ہے۔ عورت کا کہنا ہے کہ 12 جون کی دوپہر تقریباً 12 بجے اس کی بیٹی ارسل کے ساتھ سی پیٹ چوراہے پر دیکھی گئی تھی اور بعد میں ارسل اسے اپنے ساتھ گھر بھی لے گیا۔ عورت کا کہنا ہے کہ جب ارسل کے گھر پہنچ کر اس کی بہن اور ماں کو بتایا تو ارسل نے لڑکی کو ساتھ لانے کی بات سے انکار یا۔ بعد میں پتہ کرنے پر ارسل نے کچھ دیر بعد ایئرپورٹ گولیا کے پاس بیٹی کو آنے کی جانکاری دی لیکن کافی وقت گزرنے کے بعد بھی نہ تو وہ آیا نہ ہی بیٹی کہیں نظر آئی۔

عیدالاضحیٰ کی نماز عام مقامات پر ادا نہ کریں

قانون کی پابندی کریں، ممنوعہ جانور کی قربانی ہرگز نہ کی جائے: ضلع انتظامیہ

سہارنپور (شاہد زبیری/ ایس این بی)

یہاں ضلع کلکٹریٹ ہال میں ڈی ایم ڈاکٹر دنیش چندر اور ایس ایس پی ڈاکٹر وپن ٹاڈا نے نگر شانتی سمیتی و عمائدین شہر کی میٹنگ میں عوام سے اپیل کی کہ عیدالاضحیٰ کی نماز پبلک مقامات کی بجائے متعینہ مقامات پر ہی ادا کی جائے اور ہر حال میں قانون کی پابندی کی جائے۔ اسی کے ساتھ دونوں افسران نے صاف کہا کہ امن وقانون سے کھلواڑ کرنے والے سماج دشمن عناصر سے سختی کے ساتھ نمٹا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ممنوعہ جانور کی قربانی کی اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے نگر نگم افسران کو تاکید کی کہ قربانی کی آلائش اور باقیات کو فوری اٹھایا جائے اور بند گاڑی میں لے جایا جائے اور شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔ پانی کی سپلائی بحال رکھی جائے۔ ایس ایس پی نے پولیس افسران کو ہدایت کی کہ ماحول خراب اور قانون سے کھلواڑ کرنے سماج دشمن عناصر سے سختی نمٹا جائے اور کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہ برتی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے تہوار کو پر امن ماحول میں منانے کیلئے پولیس کو چاق چوبند رہنا چاہئے۔ دونوں افسران نے ایس ڈی ایم اور سی او وغیرہ کو ہدایات دیں کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں نگر شانتی سمیتی کی میٹنگوں کا انعقاد کیا جائے اور سرکردہ شخصیات کا تعاون لیا جائے۔ میٹنگ میں افسران کے علاوہ نگر شانتی سمیتی کے لوگوں میں سابق ممبر اسمبلی وریندر ٹھاکر، جامع مسجد کلاں کے منیجر مولانا فرید مظاہری، سماجی کارکن عارف خاں بن عبدالحفیظ خان، پریشد منصور بدر، ایم شاہد زبیری، جے ناتھ شرما، راجیش جین، برت چاولہ، شیتل ٹنڈن، دلجیت سنگھ گوجر نمایاں طور پر موجود تھے۔

ضلع کلکٹریٹ ہال میں ڈی ایم ڈاکٹر دنیش چندر اور ایس ایس پی ڈاکٹر وپن ٹاڈا نے نگر شانتی سمیتی و عمائدین شہر کی میٹنگ میں عوام سے اپیل کی

مختصر خبریں

آم توڑنے کے تنازعہ میں چچا کا پیٹ پیٹ کر قتل

پیاگ پور / بہرائچ(ایس این بی) تھانہ پیاگ پور علاقہ کے گاؤں پسین پوروہ داکھلا حسوا پارا میں جمعہ کی دوپہر میں آم توڑنے کے تنازعہ میں بھتیجہ نے 55 سالہ چچا کی لات گھونسوں ولاٹھی سے پیٹ پیٹ کر قتل کر دیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی تھانہ انچارج پیاگ پور کمل شنکر چترویدی جائے وقوعہ پر پہنچے اور لاش کا پنچنامہ بھر کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ اطلاع کے مطابق متوفی موتی لال (55) اور بھتیجے رام راج کے درمیان آم توڑنے کے تنازعہ میں مار پیٹ ہو گئی جس پر بھتیجے رام راج نے لاٹھی سے اپنے چچا موتی لال پر حملہ کر دیا۔ موتی لال وہیں گر گئے۔ موتی لال کو پیاگ پور کمیونٹی صحت مرکز لایا گیا جہاں پر ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ تھانہ انچارج پیاگ پور کمل شنکر چترویدی نے بتایا کہ اس معاملہ میں رام راج سمیت تین لوگوں کو نامزد کیا گیا ہے۔ ملزمان کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔

نامعلوم عورت کی لاش نہر سے برآمد

پیاگ پور-بہرائچ(ایس این بی) ضلع کے گاؤں چوسار تھانہ پیاگ پور بہرائچ سے ہو کر گزرنے والی سرجو نہر بلاک 4 کے کنارے نہر میں بہتی ہوئی لاش برآمد ہوئی جس کی عمر تقریباً 25 برس ہے۔ عورت نے گولنڈ رنگ کا پھول بنا نیلے رنگ کا بلاؤج جس میں آسمانی نیلے رنگ کا بٹن لگا ہے۔ ناک میں پیلی دھات کی گول نتھونی، کان میں پھولدار ٹپس، گلے میں کالے دھاگے کی مالا ہے۔ نچلے بدن پر گلابی رنگ کا پیٹی کوٹ، دونوں پیروں میں سفید دھات کی پائل اور جسم پر زخم کے نشان تھے۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے۔ موقع کا ایس پی نے بھی معائنہ کیا۔ فی الحال پولیس لاش کی شناخت کرانے کی کوشش کر رہی ہے۔

پولیس اہلکاروں نے کی بے وجہ کسان کی پٹائی

بریلی (ایس این بی) تھانہ بہیڑی کی چوکی سرسا پولیس نے ٹریکٹر چلا رہے ایک بے گناہ کسان کو نہ صرف پٹائی کر کے زخمی کر دیا بلکہ اس کا 151 میں چالان بھی کر دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ تحصیل بہیڑی کے علاقہ نظر گنج کا رہنے والا کسان مہیندر پال گزشتہ شب اپنے کھیت پر کام کر کے ٹریکٹر سے گھر واپس لوٹ رہا تھا تو راستہ میں چیکنگ کر رہی چوکی پولیس نے اس کو روکنے کی کوشش کی۔ کسان نے ٹریکٹر نہیں روکا۔ اس بات سے ناراض پولیس ملازمین نے کسان کا تعاقب کر کے اسے پکڑ لیا اور پہلے اس کی پٹائی کی اس کے بعد اس کا 151 میں چالان کر دیا۔ کسان کے اہل خانہ نے پولیس زیادتی کی شکایت نو منتخب ممبر پارلیمنٹ چھتر پال گنگوار سے کی۔ ایم پی کی شکایت پر ایس پی نے اس معاملہ کی تحقیقات کا حکم سی او کو دیا ہے۔

کون ہوگا یوپی کا محکمہ تعمیرات عامہ کا وزیر؟

جتن پرساد کے استعفیٰ دینے کے بعد خالی چل رہا ہے محکمہ

لکھنؤ (ایس این بی) یوگی آدتیہ ناتھ حکومت-2 میں ابھی حال تک محکمہ تعمیرات عامہ کے وزیر رہ چکے جتن پرساد کے بعد آئندہ وزیر کون ہوگا، اسے لے کر وزراء میں ایک دوسرے سے بہتر اور ایماندار ثابت کرنے کے لیے سبقت لے جانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ ابھی حال تک یوپی کے پی ڈبلوڈی کے وزیر رہ چکے جتن پرساد نے پیلی بھیت سے لوک سبھا الیکشن جیتنے کے بعد نریندر مودی حکومت-3 میں وزیر بنائے گئے ہیں۔ انہیں وزارت کامرشیل وصنعت، الیکٹرانکس وزیر مملکت کا بنایا گیا ہے۔ انہوں نے پی ڈبلوڈی وزیر کے عہدہ سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ مسٹر پرساد کے استعفیٰ کے بعد اگلا وزیر کون ہوگا، اس کو لے کر اٹکلیں لگائی جا رہی ہیں۔ جتن پرساد کانگریس کو 2021 میں چھوڑ کر بھاجپا میں آئے تھے۔ یوگی حکومت-1 میں انہیں وزیر برائے تکنیکی تعلیم بنایا گیا تھا۔ اس کے بعد یوگی حکومت-2 میں انہیں پی ڈبلوڈی کی ذمہ داری دی گئی، جسے مرکز میں وزیر بننے کے بعد چھوڑ دیا۔ مسٹر پرساد کانگریس کی 2009 سے 2014 کے درمیان منموہن حکومت میں وزیر مملکت برائے انسانی وسائل رہ چکے ہیں۔ لیکن 2014 میں کانگریس کی شکست کے بعد مسٹر پرساد خود الیکشن ہار جانے کے کچھ مہینہ بعد ہی انہوں نے بھاجپا کا دامن تھام لیا تھا۔ ذرائع کے مطابق پی ڈبلوڈی وزیر عہدہ کی ریس میں وزیر امداد باہمی جی پی ایس راٹھور، وزیر ٹرانسپورٹ دیاشنکر سنگھ، وزیر جل شکتی سوتنتر دیو سنگھ اور بھاجپا کے ریاستی صدر بھوپیندر چودھری کا نام سب سے آگے چل رہا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ بھاجپا اور سنگھ سے وابستہ عہدیداروں کی خواہش انجینئرنگ شعبہ سے تعلق رکھنے والے وزیر امداد باہمی جی پی ایس سی راٹھور کو اس عہدہ کے لیے سب سے مفید مانا جا رہا ہے۔ ویسے مسٹر راٹھور بی ایچ یو سے ایم ٹیک کی تعلیم حاصل کر چکے ہیں، لیکن ان کا ایک مخالف طبقہ امداد باہمی میں کوئی خاص پیش رفت نہ ہونا بتا رہا ہے۔

پولیس لائن میں تعینات سپاہی کا بہیمانہ قتل کر کے لاش نالے میں پھینکی

کانپور، (ایس این بی) فیل خانہ تھانہ حلقے کے بھگوت داس گھاٹ نالے میں جمعہ کو ایک نوجوان کی لاش پڑی ملی، قاتلوں نے نوجوان کا سر تیزاب سے جلانے اور انگلیوں کو کچل کر بہیمانہ قتل کیا تھا، شناخت چھپانے کے لئے چہرہ جلا دیا گیا۔ لاش کے پاس پولیس کی وردی والی بیلٹ ملی ہے۔ مقتول کے ہاتھ بھی شرٹ سے بندھے ہیں۔ فارنسک ٹیم نے بھی ثبوت جمع کئے ہیں۔ معاملے کی تفتیش کر کر رہی اے سی پی کوتوالی نے جب آس پاس کے فوٹیج دیکھے تو نوجوان پولیس لائن سے نکلتا ہوا نظر آیا۔ سوا 5 بجے تک اس کے فوٹیج ملے ہیں۔ پولیس کے مطابق مرنے والا جھانسی کا رہنے والا ہے اور کانپور پولیس لائن میں آرمڈ فورس کا ہیڈ کانسٹبل ہے۔ پولیس لائن کی بیرک میں رہنے والا ہیڈ کانسٹبل کھیم چندر آبائی طور پر جھانسی کا رہنے والی تھا ان کا بیٹا میرٹھ کے سب انسپکٹر کی ٹریننگ کر رہا ہے۔ پولیس کی بیلٹ ملنے پر جب لائن کے آس پاس کے فوٹیج دیکھے گئے تو کھیم چندر جاتا ہوا نظر آیا۔ اس کے قدم لڑکھڑا رہے تھے جس سے قیاس لگایا گیا کہ وہ شراب کے نشہ میں تھا۔ پولیس کو سوا 5 بجے تک کے فوٹیج ملے ہیں۔ پولیس لائن کے ذرائع کے مطابق کھیم چندر شراب کا عادی تھا اور گپتار گھاٹ کے پاس شراب پیتا تھا۔ صبح بھی وہیں جانے کے لئے نکلا تھا۔ تقریباً 10 بجے اس کی لاش نالے میں پڑی ملی۔ اطلاع پر پہنچی فارینسک ٹیم نے لاش کی جانچ کی تو دونوں ہاتھ شرٹ سے پیچھے بندھے ہوئے تھے۔ چہرے پر آتشگیر شئے ڈال کر جلایا گیا تھا اور ہاتھ پر بھی جلنے کے نشانات ہیں۔ پولیس کا ماننا ہے کہ قتل میں استعمال کیا گیا آتشگیر شئے ڈالتے وقت کھیم چندر نے بچنے کی کوشش کی ہوگی جس کی وجہ سے اس کے ہاتھ جل گئے۔ مخالفت کرنے پر واردات کو انجام دینے والوں نے اس کے دونوں ہاتھ شرٹ سے باندھ دئے تھے۔ فارینسک ٹیم کی جانچ میں پایا گیا کہ لاش بالکل تازی تھی۔ چہرہ تیزاب یا دیگر کسی کیمیکل سے اس قدر جلا دیا گیا ہے کہ صرف ہڈیاں ہی بچی ہیں۔ اسی طرح دونوں ہاتھ کی انگلیوں کو بھی کچل دیا گیا ہے۔ قتل کے بعد نالے میں نوجوان کی لاش پھینکی گئی ہے۔ پولیس کا ماننا ہے کہ نالے کے آس پاس ہی سپاہی کے قتل کا راز چھپا ہوا ہے۔

مساجد اور قبرستانوں کے باہر لگائی گئی پانی کی سبیل

بہرائچ(ایس این بی) شہر میں آج نماز جمعہ میں نمازیوں کی بڑی بھیڑ کو دیکھتے ہوئے اہل خیر حضرات کی طرف سے درجنوں محلوں میں مساجد کے باہر ٹھنڈے پانی اور شربت کی سبیل لگائی گئی تاکہ مسجد میں آنے والے لوگوں کو راحت مل سکے۔ آسمان سے گرنے والی آگ، چلچلاتی دھوپ اور تیز ہوا کے جھونکے سے عام آدمی بری طرح پریشان ہے، گرمی کی وجہ سے لوگوں کا کام بھی متاثر ہو رہا ہے۔ جمعہ کے روز مسجد میں نمازیوں کے بڑھتے ہوئے ہجوم کے پیش نظر انہیں گرمی سے کچھ راحت دینے کے لیے جامع مسجد، مقبرہ الاول خان، محفوظ والی مسجد سمیت درجنوں مساجد میں اہل علاقہ کی جانب سے ٹھنڈہ پانی اور شربت تقسیم کئے گئے۔ شہر میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے لیے آنے والے زائرین اور راہگیروں کو کھجور کے ساتھ ٹھنڈا پانی اور شربت فراہم کرنے کا انتظام کیا گیا، یہی نہیں کئی نوجوانوں نے اسکوٹی پر ٹھنڈے پانی کے پاؤچ رکھے ہوئے تھے اور انھیں تقسیم کر رہے تھے۔ اس کے علاوہ قبرستانوں کے باہر بھی سبیل لگی ہوئی تھی۔ پانی پینے کے بعد لوگوں نے راحت محسوس کی اور دعاؤں سے نوازا۔

نابینا افراد کے اٹینڈنٹ بھی بس میں مفت سفر کر سکیں گے

پنجاب کی بھگونت مان حکومت کا بڑا فیصلہ، میٹنگ میں وزیر خزانہ اور سماجی فلاح و بہبود کے وزیر بھی رہے موجود

چنڈی گڑھ(ایس این بی) پنجاب میں نابینا افراد کے اٹینڈنٹ اب بس میں مفت سفر کر سکتے ہیں۔ حکام نے گزشتہ روز یہ اطلاع دی۔ سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت پنجاب کے اس فیصلے سے نابینا افراد کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ حکومت کے معذوروں کی مدد کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ واضح رہے کہ یہ اعلان وزیر خزانہ ہرپال سنگھ چیمہ اور سماجی تحفظ، خواتین واطفال کی ترقی کی وزیر ڈاکٹر بلجیت کور کی میٹنگ کے بعد کیا گیا۔ اس میٹنگ میں خصوصی چیف سکریٹری سماجی تحفظ، خواتین واطفال کی ترقی راجی پی شریواستو، محکمہ خواتین و اطفال کی ترقی کی ڈائریکٹر ڈاکٹر شینا اگروال، پرنسپل سکریٹری فائنانس اجوئے کمار سنہا، ڈپٹی ڈائریکٹر امرجیت سنگھ بھلر اور خصوصی سکریٹری ویمی بھولر بھی موجود تھے۔ اس سے قبل بھی پنجاب کی عام آدمی پارٹی کی حکومت نے طلبا کے مفاد میں بڑا فیصلہ لیا تھا۔ پنجاب حکومت کی جانب سے اعلان کیا گیا کہ حکومت میڈیکل، انجینئرنگ، لاء اور داخلہ امتحانات کے لیے مفت کوچنگ فراہم کرے گی۔ حکومت نے یہ فیصلہ لوک سبھا انتخابات کے لیے ضابطہ اخلاق ختم ہونے کے فوراً بعد لیا ہے۔ فیصلے کے مطابق، NEET/JEE اور CLAT جیسے مسابقتی امتحانات کے لیے مفت رہائشی کوچنگ فراہم کی جا رہی ہے۔ جس میں 23 اضلاع کے 800 بچے حصہ لے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ پنجاب حکومت کی جانب سے بھی عارضی اساتذہ کے حق میں بڑا فیصلہ کر لیا گیا۔ حکومت نے ریاست کے 14,239 اساتذہ کو مستقل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی محکمہ صحت میں نئی بھرتیاں کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ جس کے تحت ریاست میں 1,880 ڈاکٹروں اور نرسوں کی بھرتی کی جائے گی، یہ بڑا فیصلہ حکومت نے گزشتہ ہفتے کی کابینہ کی میٹنگ کے دوران لیا تھا۔

● پنجاب حکومت کی جانب سے اعلان کیا گیا کہ حکومت میڈیکل، انجینئرنگ، لاء اور داخلہ امتحانات کے لیے مفت کوچنگ فراہم کرے گی۔ حکومت نے یہ فیصلہ لوک سبھا انتخابات کے لیے نافذ ضابطہ اخلاق ختم ہونے کے فوراً بعد لیا ہے۔

معاشرہ میں تبدیلی لانے کیلئے تعلیم ضروری: اشفاق سیفی

مدرسہ بورڈ کے ٹاپر طلباء کو میڈل و اسناد سے نوازا گیا

شاہجہاں پور (ایس این بی) اترپردیش ریاستی اقلیتی کمیشن کے چیئرمین اشفاق سیفی نے مدرسہ نورالہدیٰ میں منعقدہ ہونہار طلباء کی اعزازی تقریب میں کہا کہ مسلم کمیونٹی کو پسماندگی سے نجات اور ترقی کے لیے تعلیم ضروری ہے۔ انہوں نے مسلم کمیونٹی سے اپیل کی کہ وہ کمیونٹی کی سماجی اور معاشی ترقی کے لیے لڑکوں کے ساتھ لڑکیوں کی تعلیم پر بھی زور دیں۔ بجلی پورہ میں واقع مدرسہ نورالہدیٰ میں منعقدہ تقریب میں چیئرمین اشفاق سیفی نے مدرسہ بورڈ کے امتحان کے ٹاپر مدرسہ نورالہدیٰ شاہجہاں پور، مدرسہ شمسیہ فیضان حاتم تاہر اور مدرسہ اسلامیہ غوثیہ شہباز نگر کے ہونہار طلباء کو میڈل اور اسناد پیش کیں۔ چیئرمین نے کہا کہ بچوں کے روشن مستقبل کے لیے مدارس کو اپنی جڑوں سے جڑے رہتے ہوئے جدید طریقہ تعلیم کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ ضلع میں مدرسہ ایسوسی ایشن کے سالانہ کھیلوں کے مقابلے اور پروقار تقریب کو ایک حوصلہ افزا تبدیلی قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مدارس کے بچوں اور عملے میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے۔ سماج کے باشعور لوگوں سے اپیل کی کہ وہ معاشرے میں تبدیلی لائیں تاکہ مدارس میں پڑھنے والے غریب اور کمزور طبقات کے بچے بھی ملک اور ریاست کا نام روشن کر سکیں۔ ٹاپرز کے روشن مستقبل کی خواہش کرتے ہوئے انہوں نے امتحان میں کم نمبر حاصل کرنے والے بچوں سے اپیل کی کہ وہ مایوس ہوئے بغیر محنت کریں اور اپنا اور اپنے خاندان کا نام روشن کریں۔ سیکنڈری ٹیچرس اسوسی ایشن کے ریاستی نائب صدر سنتوش کمار پانڈے نے بچوں کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا اور ان کے روشن مستقبل کی خواہش کی۔ پروگرام کی صدارت منیجر حاجی رضوان خاں نے کی۔ نظامت سرتاج منصوری نے کی۔

ان کی ہوئی عزت افزائی: ریاض احمد، اقرار علی، وسیم رضا، جان عالم، محمد گلفام، شاہدہ پروین، شفا، منتشا، محمد عاصم، ساجد علی، ادیبہ، محمد وصی، غزالہ، کہکشاں، جان عالم وغیرہ کو میڈلز اور اسناد دی گئیں۔ پروگرام میں کونسلر ڈاکٹر محسن، محمد رضی، مظہر حسین، مولانا عمران قاسمی، فخر عالم خان، رویندر پرجاپتی، عمران سعید، مولانا بہار عالم رضوی، سدھاکر تیواری ایڈوکیٹ، گلستاں خان ایڈوکیٹ، ناصر حسین، حافظ عمران وغیرہ کی عزت افزائی کی گئی۔ پروگرام کے آخر میں پرنسپل اقبال میاں نے سبھی کا شکریہ ادا کیا۔

قتل میں شامل سبھی 5 ملزمان گرفتار

اسرافیل قتل معاملے کا راز فاش

کشی نگر (ایس این بی)

گزشتہ اتوار کی شب میں کپتان گنج قصبہ کے سبھاش چوک باشندہ اسرافیل ولد جگنو کی گولی مار کر قتل کرنے کے معاملے میں ضلع کے کپتان گنج تھانہ کی پولیس نے قتل میں شامل پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس قتل معاملے کا راز فاش کرتے ہوئے ایڈیشنل پولیس کپتان نے آج جمعہ کو اخبار نویسوں کے سامنے قاتلوں کو پیش کیا۔ ایڈیشنل پولیس کپتان نے بتایا کہ اسرافیل قتل کیس میں کپتان گنج تھانے میں مقدمہ نمبر 260/2024 دفعہ 404,34,302 آئی پی سی و 3/25 آرمس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا جس کی گرفتاری تعمیل میں ماتحت کو سخت ہدایت دی گئی تھی جسے پولیس نے پانچ قاتلوں کو گرفتار کرنے میں کامیابی حاصل کیا ہے۔ گرفتار کیے گئے قاتل سنی عرف جشونت شرما، کلدیپ ساہنی عرف بوتل ولد شری کشن، امن یادو ولد بانکے لال یادو، وشال چودھری ولد راجو چودھری، انکت یادو ولد لال بہادر یادو ساکنان بندلی گنج قصبہ کپتان گنج تھانہ کپتان گنج ضلع کشی نگر کے بتائے گئے ہیں۔ اس قتل معاملے کا راز فاش کرتے ہوئے پولیس نے قتل میں استعمال کیے گئے چار چکہ گاڑی و آلہ قتل بھی برآمد کیا ہے۔ وہیں گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس اگلی کارروائی کرنے میں جٹی رہی۔

دوا فروش سے غنڈہ ٹیکس مانگنے کا الزام

جون پور (ایس این بی) سرپتہاں تھانہ کے تحت ارسیاں بازار میں دوا فروش سے رنگداری مانگنے کا معاملہ روشنی میں آیا ہے۔ تاجر نے پولیس کو تحریر دے کر دو غنڈوں پر الزام لگایا ہے۔ پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ اطلاع کے مطابق ارسیاں کے رہنے والے محمد اسلم ولد مصیب نے رنگداری کی دھمکیاں ملنے کی شکایت تھانے میں درج کراتے ہوئے بتایا کہ ان کا ایک میڈیکل اسٹور ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 7 جون کی شام وکرانت عرف گپو سنگھ ولد مٹرو سنگھ اور بھسوری گاؤں کے رہنے والے چندن دوبے ان کی دکان پر آئے۔ اس وقت اسلم دکان پر نہیں تھے۔ بچے کام کر رہے تھے۔

پرامن ماحول میں منائیں عیدالاضحیٰ کا تہوار

امن کمیٹی کی میٹنگ میں ایس پی سٹی کی مسلم نمائندگان سے اپیل

گورکھپور، (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ کی ہدایات کے مطابق سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (سٹی) کرشنا کمار وشنوئی کی صدارت میں عیدالاضحیٰ (بقرعید) تہوار کو پرامن اور سلامتی کے ساتھ منانے کے لیے سیاحت بھون کے کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں ضلع امن اور ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ انتظامیہ تہواروں کو محفوظ طریقے سے منعقد کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ تہوار کو پرامن اور ہم آہنگی کے ماحول میں منایا جائے۔ انہوں نے امن و ہم آہنگی کمیٹی اور وہاں موجود لوگوں سے کہا کہ وہ کسی بھی قسم کی افواہوں پر توجہ نہ دیں اور اگر ایسی کوئی صورتحال پیدا ہو تو وہ فوری طور پر اعلیٰ حکام کو آگاہ کریں۔ پرامن ماحول میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ سڑکوں اور نالوں کی صفائی کے ساتھ ساتھ پانی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں۔ بجلی کے ڈھیلے اور خستہ حال تاروں کی مرمت کی جائے اور یہ بھی کہا کہ کسی بھی سطح پر کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے جانوروں کی قربانی نہ کرنے کا خاص خیال رکھا جائے۔ جن پر پابندی عائد ہے۔ قربانی کھلے میں نہ کی جائے بلکہ مخصوص جگہوں پر کی جائے۔ قربانی کے باقیات کو ادھر ادھر نہ پھینکیں اور میونسپل کارپوریشن کی گاڑیوں اور مقررہ جگہوں پر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسا کچھ نہ کریں جس سے کسی کے جذبات مجروح ہوں۔ تمام تہوار امن کا پیغام دیتے ہیں اور انہیں پرامن ماحول میں ہم آہنگی کے ساتھ منایا جانا چاہیے۔ انہوں نے تہوار کے موقع پر آزاد جانوروں کی نقل و حرکت پر مکمل پابندی عائد کرنے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قوانین کی صد فیصد تعمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ ٹریفک جام کا مسئلہ پیدا نہ ہو۔ ایس پی سٹی نے کہا کہ میلے رتہوار کی بحفاظت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کا نظام سخت رہے گا۔ نئی روایات کو رائج کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ روایتی نظام ہی رہے گا۔ عیدگاہ پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کی اپیل کی تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی فوری نشاندہی کی جا سکے اور فوری کارروائی کی جا سکے۔ اس موقع پر ایس پی شمالی، ایس پی ٹریفک، چیف میڈیکل آفیسر اور مختلف محکموں کے متعلقہ افسران کے ساتھ ساتھ امن و خیرسگالی کمیٹی کے ممبران ڈاکٹر سدھاکر پانڈے، عادل امین، سردار بلبیر سنگھ، ارشاد عبداللہ اور امن کمیٹی کے ممبران موجود تھے۔

ٹینکر سے ٹکرا کر ڈمپر ڈیوائیڈر سے ٹکرایا

ڈرائیور و کلینر زندہ جلے

اوریا، (ایس این بی) بندیل کھنڈ قومی شاہراہ پر دوپہر میں ٹینکر سے ٹکرا کر ایک ڈمپر بے قابو ہو گیا اور ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر آگ کا گولہ بن گیا۔ اس حادثے میں ڈرائیور و کلینر کی جائے حادثہ پر موت ہو گئی اس کے بعد قومی شاہراہ پر دونوں سمت گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔ اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچی پولیس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیوں نے آگ پر قابو پایا۔ تاخیر سے پہنچنے پر یوپیڈا اور ڈائل-112 پر لوگوں نے ناراضگی ظاہر کی اور ان کی جھڑپ بھی ہو گئی۔

اچھلدا محمد آباد روڈ سے نکلی بندیل کھنڈ قومی شاہراہ پر دوپہر تقریباً 3.15 بجے ہنومنت پور اور آشا گاؤں کے پاس مین پوری سے ڈمپر خالی ہو کر بھنڈ جا رہا تھا تبھی آشا گاؤں کے پاس پانی کے ٹینکر سے ڈیوائیڈر میں لگے پودوں کو پانی ڈالا جا رہا تھا، اس ٹینکر سے پیچھے سے آ رہے ڈمپر کی رگڑ لگ گئی جس سے ڈمپر بے قابو ہو کر ڈیوائیڈر سے ٹکرا گیا۔ ڈیوائیڈر سے ٹکرانے کے بعد ڈمپر کا ٹائر نکل کر دور جا گرا اور اسی وقت ڈمپر میں تیز آگ لگ گئی۔ آگ لگنے سے ہیلپر بھدوریا (50) ساکن بھرولی بھنڈ مدھیہ پردیش اور ڈرائیور سونو (40) ساکن بھرولی بھنڈ مدھیہ پردیش ڈمپر کے کیبن میں آگ سے گھر گئے۔ کسی طرح ہیلپر ڈمپر کے نیچے گر گیا اسے آس پاس کے لوگوں نے کمبل اڑھا کر آگ بجھائی۔ وہیں اطلاع ملنے کے تقریباً ایک گھنٹے بعد پہنچی فائر بریگیڈ سے ڈمپر میں لگی آگ بجھا کر لاش کو باہر نکالا گیا۔ شدید زخمی ہیلپر کو یوپیڈا کی ایمبولنس سے ضلع اسپتال بھیجا گیا۔ دوران علاج اس کی بھی موت ہو گئی۔ پولیس اور یوپیڈا کی گاڑی موقع پر تاخیر سے پہنچنے پر ناراض لوگوں کی ان سے جھڑپ ہو گئی۔ اس حادثے سے موقع پر جام لگ گیا۔ سی او مہیندر پرتاپ سنگھ، تھانہ انچارج بھوپیندر راٹھی، تھانہ انچارج اشوک کمار اپادھیائے، یوپیڈا کے انچارج ایس سنہا اور کلو سنگھ نے جام کھلوا کر گاڑیوں کو روانہ کیا۔

نگر نگم کے ٹیکس سے مکان مالکان پریشان

نئے ٹیکس نافذ کرنے میں کارپوریٹروں کی رائے نہیں لی گئی

بریلی(ایس این بی) کارپوریشن کی جانب سے بنائی گئی نئی ٹیکس کی پالیسی سے شہر کے لوگوں میں کھلبلی مچ گئی ہے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل میونسپل کارپوریشن دفتر میں منعقد کی گئی پریس میٹنگ کے دوران چیف سٹی کمشنر ندھی گپتا وتس اور میئر امیش گوتم نے دعویٰ کیا تھا کہ ٹیکس کی نئی پالیسی سے کارپوریشن کی آمدنی تقریباً 45 کروڑ کے ریونیو کا اضافہ ہوگا۔ اس معاملہ کی اصل حقیقت یہ ہے کہ کارپوریشن نے کسی پرائیویٹ کمپنی سے شہر کی عمارتوں کا سروے کرایا ہے۔ جس کمپنی نے سروے کیا ہے اس کے بارے میں لوگوں کا کہنا ہے کہ پرائیویٹ کمپنی کے ملازمین نے عمارتوں کے سامنے کھڑے ہو کر صرف عمارتوں کے فوٹو کھینچ کر سروے کیا ہے۔ ان لوگوں نے عمارتوں کا رقبہ، کمروں وغیرہ کی تعداد کو دیکھے بنا سروے کی رپورٹ تیار کر کے کارپوریشن میں پیش کیا ہے۔ شہر کے بے شمار لوگوں کا یہ بھی کہنا کہ کارپوریشن میں داخل کی گئی رپورٹ بے بنیاد ہے۔ اس سروے رپورٹ کے بعد صارفین کو جو ٹیکس بل بھیجے جا رہے ہیں اس سے ان کی نیند حرام ہے۔ جن لوگوں نے 2023-24 کا ٹیکس جمع کر دیا ہے۔ ان کو بھی موٹی موٹی رقم کے بل بھیجے جا رہے ہیں۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکمراں جماعت سے تعلق رکھنے والے کارپوریٹر ٹیکس کی نئی پالیسی سے غیر مطمئن اور ناراض ہیں۔ ایسے میں کارپوریشن کے ذمہ داران کو ٹیکس کی نئی پالیسی پر نظر ثانی کرنا ہوگا۔